حیسکو پریس ریلیز مورخہ :02.12.2021

حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں کے خلاف بڑے پیمانی پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔حیدرآباد میں واپڈا کالونی اوردان شاہ کے علائقوں میں 165 میٹرسیکیورنگ،سٹی ہالاسب ڈویژن کے علائقوں وگردونواح میں بجلی چوروں کے خلاف S&I کی ٹیم کی کارروائیاں،بجلی چوروں کے 58 کنکشن،نادہندگان کے 63 کنکشن منقطع کرکے ایک کروڑ 30 لاکھ 5 ہزار سے زائد ریکوری کی گئی۔حیسکو ترجمان

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے۔واضح رہے کہ حیسکو چیف کا منشور ہے کہ سب سے پہلے عوام اورہمیں عوام کی Care کرنی ہے،کیونکہ حیسکو کا ہر ملازم اور صارف حیسکو کا محافظ ہے۔اس سلسلے میں سپرنٹینڈنگ انجنیئر آپریشن سرکل حیدرآباد نثار احمد میمن کی سربراہی میں SDO شہید امید علی سب ڈویژن نے واپڈا واٹرونگ کالونی میں بجلی کی میٹروں کی سیکیورنگ کرتے ہوئے 73 بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کی ہے،اس کے علاوہ آپریشن سب ڈویژن سرفراز کالونی میں دادن شاہ کے علائقے میں ٹرانسفارمر سے آنے والی LT لائنوکو ہٹا کر اس جگہ ABC لگائی گئی ہے اور 92 بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ کی گئی،کام کے دوران 32 کنکشنوں میں بجلی چوری پائی گئی کنڈہ کنکشن فوری طور پر ہٹا کر تاریں اپنی تحویل میں لے لی گئی ہیں،مزید برآں آپریشن سب ڈویژن سٹی ہالا میں ڈائریکٹر سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اعجاز احمد شیخ کی سربراہی میں S&I کی ٹیموں نے کارروائیاں کرتے ہوئے 26 کنکشن چیک کیئے جن میں چوری پائی گئی،جس میں 12 بجلی کنکشن ڈائریکٹ PVC وائر کے ذریعے چوری کرتے ہوئے پکڑے گئے کنکشن فوری منقطع کرکے جرمانے عائد کیئے گئے ہیں،ایک بوگس میٹر پایا گیا جس کا ڈسپلے واش آوٹ تھا،3 میٹر تھری فیز B1،اور A2a کے کھلے ہوئے پائے گئے،02 میٹر سنگل فیز کے میٹر ڈسپلے ارر،کے ساتھ کھلے ہوئے پائے گئے،ایک میٹر سنگل فیز A1a کنکشن ڈسپلے واش آوٹ پایا گیا ہے،03 میٹروں تھری فیز A1 ،اور B1a کے MCO فیڈ نہیں ہوئے جس کی وجہ سے 16991 یونٹس پینڈنگ پائے گئے ہیں،03 تھری فیز میٹروں سے ڈائریکٹ لفٹ پمپ چلائے جارہے تھے اور ایک میٹر کا نمبر مس میچ پایا گیا ہے تمام کنکشن اور میٹر اتار لیئے گئے ہیں،اور مروجہ قانون کے مطابق ان پر جرمانے عائد کیئے گئے ہیں،جبکہ مجموعی طور پر نادہندگان سے واجبات کی رقم میں سے ایک کروڑ 30 لاکھ 5 ہزار 23 روپے کی وصولی کی گئی ہے۔یہ کارروائیاں واجبات کی 100% وصولی اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہینگی،حیسکو چیف نے کہا کہ صارفین سے خوش اخلاقی سے بات کرتے ہوئے بجلی کے بلوں کی ادائیگی کرائیں،نادہندگان کو موقع پر ہی فوری بجلی کے بلوں کی اقساط بنا کے دی جائیں۔ واجبات کی عدم ادائیگی اور بجلی چوری کے خاتمے تک یہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔آپ کے تعاون کا متمنی۔حیسکو

حیدرآباد: حیسکو چیف نور احمد سومرو کے احکامات پر پورے حیسکو ریجن کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بڑے پیمانی پر کارروائیاں جاری ہے